Volume I
No. 5

SP. I-5-74 (E)
400.

# THE SENATE OF PAKISTAN

# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

**Monday, January 21, 1974**

CONTENTS

| | PAGES |
|---|---|
| Starred Questions and Answers .. .. .. .. | 181—182 |
| Adjournment Motion *Re* : Reported transfer of 115 POW's and civil internees to so-called Bangla Desh—*Withdrawn* .. .. | 182—183 |
| Discussion on : The Prevention of Anti-National Activities Bill, 1973—*Adopted* .. .. .. .. .. | 183—211 |
| Discussion on : The Dock Workers (Regulation of Employment) Bill, 1973— *Continued* .. .. .. .. .. | 211—213 |

PRINTED BY THE MANAGER, PRINTING CORPORATION OF PAKISTAN PRESS, ISLAMABAD
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI

*Price : Ps. 50*

# SENATE DEBATES

## SENATE OF PAKISTAN

**Monday, January 21, 1974**

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber at ten of the clock in the morning at Islamabad, Mr. Deputy Chairman (Mr. Tahir Muhammad Khan) in the chair.

( Recitation from the Holy Quran )

## STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

### Repatriation of Patriots

8. ***Khawaja Mohammad Safdar :** Will the Minister for Foreign Affairs be pleased to state what steps, if any, the Federal Government has so far taken to repatriate such great patriots as Khawaja Khairud Din, Khan Abdus Sabur Khan, Maulvi Farid Ahmed and so many others who are rotting in the jails of Bangla Desh Government?

**Mr. Aziz Ahmed :** The Bangladesh Government announced a general amnesty on November 30, 1973. As a result, about 37,000 persons were expected to be freed. The former Governor of East Pakistan, Dr. A. M. Malik, Khawaja S. Khairud Din and Khan Abdus Sabur Khan are reported to have been released. Reliable information about Maulvi Farid Ahmed is not yet available. To secure release of persons charged of so-called crimes of collaboration, the Government of Pakistan sought to draw the attention of foreign governments and international humanitarian organisations to the violations of the Universal Declaration of Human Rights by the Government of Bangladesh. The Government of Pakistan is gratified that these efforts have borne fruit and it has welcomed the decision of the Government of Bangladesh as a constructive contribution towards reconciliation between Pakistan and Bangladesh.

جناب شہزاد گل : جناب والا ! میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ اس سوال کے جواب میں بنگلہ دیش حکومت کا لفظ کئی بار استعمال کیا گیا ہے اور اسکے ساتھ نام نہاد بنگلہ دیش یا مسلم بنگال کا لفظ استعمال نہیں کیا گیا ۔ کیا وزیر موصوف یہ بتا سکتے ہیں کہ حکومت نے بنگلہ دیش کو تسلیم کرا لیا گیا ہے یا نہیں ؟

جناب ڈپٹی چیئرمین : میرے خیال میں یہ ضمنی سوال نہیں ہے It is outside the scope of this question اس Issue پر الگ بات ہو سکتی ہے ۔

جناب شہزاد گل : کیونکہ سینٹ کے ریکارڈ پر اسکا جواب آ رہا ہے اسلئے میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ حکومت نے بنگلہ دیش کو تسلیم کیا ہے یا نہیں ؟

جناب ڈپٹی چیئرمین : اس سلسلے میں آپ الگ سوال کر سکتے ہیں ۔

جناب خورشید حسن میر : جناب والا میں آپکی اجازت سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کچھ تو انصاف کرنا چاہئیے ۔ اپوزیشن کے Benches پر بیٹھے ہوئے حضرات نے سوال میں تو بنگلہ دیش کیساتھ نام نہاد کا لفظ استعمال نہیں کیا اور صاف صاف لفظ بنگلہ دیش لکھا ہے تو پھر آپ جواب پر کیسے اعتراض کر سکتے ہیں ۔ پہلے تو آن سے پوچھئے کہ انہوں نے So-called بنگلہ دیش کا لفظ کیوں استعمال نہیں کیا ؟

جناب ڈپٹی چیئرمین : اس موضوع پر مزید بحث نہیں ہوگی !

## POW's IN INDIA

9. **Khawaja Muhammad Safdar:** Will the Minister for Foreign Affairs be pleased to state:

(a) whether it is a fact that India offered to send all our civilian internees and other POW's at once if the Federal Government provided the necessary transport; and

(b) if the answer to (a) above be in the affirmative, the reasons for not accepting this offer?

**Mr. Aziz Ahmed:** (a) No.

(b) Not applicable.

## ADJOURNMENT MOTION Re: REPORTED TRANSFER OF 115 POW'S AND CIVIL INTERNEES TO SO-CALLED BANGLA DESH

**Mr. Deputy Chairman:** Adjournment Motion No. 6 of 1974, Khawaja Mohammad Safdar.

**Khawaja Mohammad Safdar:** Sir, I beg leave of the House to move a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely, the reported transfer of 115 P.O.W.s and Civil Internees detained in Indian Camps by the Government of India to so-called Bangladesh.

The failure of the Federal Government in preventing the Indian Government from committing such a flagrant breach of the Delhi Agreement, under which the Indian Government could not unilaterally transfer any POW or Civil Internee from the POW Camps to the so-called Bangladesh, has caused deep concern in the public of Pakistan.

**Mr. Deputy Chairman:** Yes, would you like to say something?

**Mr. Aziz Ahmed** (Minister of State for Defence and Foriegn Affairs): Sir, if this report was true it would indeed by a flagrant violation of the Delhi Agreement

but there is no indication so far, no confirmation so far of the validity of this report. We do not think that on the basis of information so far available we can proceed on the basis that any transfer of Prisoners of War to Bangladesh has taken place.

**Mr. Deputy Chairman :** Yes, Khawaja Sahib.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا اس میں کوئی شک نہیں کہ " ڈان " کی سترہ اور اٹھارہ تاریخ کو date line میں یہ unconfirmed رپورٹ شائع ہوئی تھی تو کیا میں وزیر مملکت سے یہ پوچھ سکتا ہوں کہ ان کے سامنے یہ خبر آئی اور کیا انہوں نے کوئی معلومات حاصل کرنے کی کوشش کی کہ آیا یہ خبر غلط ہے یا صحیح ؟

**Mr. Aziz Ahmed :** Of course, we got busy on it at once and that is why, I say so far we have not received any confirmation of the validity of this report.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Not pressed.

**Mr. Deputy Chairman :** Adjournment motion not pressed. Therefor, withdrawn.

Now item No 3—Consideration of the following motion moved by

## DISCUSSION ON: THE PREVENTION OF ANTI-NATIONAL ACTIVITIES BILL, 1973

**Mr. Abdul Qayyum Khan :**

"That the Bill to provide for more effective prevention of certain anti-national and treasonable activities [The Prevention of Anti-National Activities Bill, 1973], be passed.

I want to know whether anybody wants to speak in the Third Reading.

**Mr. Mohammad Hashim Gilzai :** We have already given the names.

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** ایک بات کا میں آپ لوگوں سے خیال رکھنے کو کہونگا کہ جو باتیں پہلی خواندگی اور دوسری خواندگی میں ہو چکی ہیں انہیں نہ دہرایا جائے ۔

**خواجہ محمد صفدر :** پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا ۔ میں آپکی توجہ اس امر کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ تیسری خواندگی میں کس قسم کی بحث ہونی چاہئیے اسکے لئے میں کچھ Authorities ساتھ لایا ہوں اور آپکی وساطت سے اس ایوان میں پیش کرنا چاہتا ہوں ۔

**Mr. Abdul Qayyum Khan :** The authorities would only be relevant if there is any ambiguity Rule 98. The discussion on a motion that the bill be passed shall be confined........

[Mr. Abdul Qayyum Khan]

I am sorry, Sir. Are you sure that there is no rule ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** There is no rule.

**Mr. Deputy Chairman :** There is this rule. The discussion on a motion that the Bill be passed shall be confined to the submission of arguments either in support of the Bill or for the rejection of the Bill. In making his speech a member shall not refer to the details of the Bill further than is necessary for the purpose of his arguments which shall be of a general character.

یہ ہے اسکا scope ۔ آپ اس scope کے اندر تقریریں کریں یہ بات رولز میں واضح ہے کہ جنرل پرنسپل پر بات کر سکتے ہیں۔

**خواجہ محمد صفدر** ۔ میرے پاس ایک کتاب Jenning's 'Parliament by' ہے اسکے صفحہ ۲۸۱ میں یہ الفاظ درج ہیں۔ میں صرف ایک فقرہ پڑھتا ہوں۔

> " On third reading only verbal amendments may be moved and the third reading is in substance a repetition of the second reading.. "

So that is a repetition.

**Mr. Deputy Chairman :** That is repetition of the Bill not the repetition of the arguments.

**Khawaja Mohammad Safdar :** That means repetition of the arguments. May I give the book to you, Sir.

**Mr. Deputy Chairman :**

شاید ان کے پاس کافی وقت ہو لیکن سینٹ کے پاس اتنا وقت نہیں کہ ان Arguments کو بار بار Repeat کیا جائے ۔

**Mr. Khurshid Hasan Meer :** (Minister Without Portfolio). Sir, it is quite clear. What the honourable member has read means that it can be a repetition after the amendments not otherwise.

**Mr. Deputy Chairman :**

amendment کے بعد جو شکل کوئی بل اختیار کرے تو اسپر مزید گفتگو ہو سکتی ہے

> " Speaking during the third reading of the Bombay Papers....Bill, a member proceeded to go into great detail when the President intervened and ruled the honourable member has to speak on the motion that the Bill be passed. All these details have been fully thrashed out during the discussion which took place at earlier stages. The honourable member must now confine himself to supporting or opposing the Bill ".

ٹھیک ہے رول میں بھی بڑا واضح ہے کہ repetition کے بغیر جنرل پرنسپلز پر بات ہو سکتی ہے ۔

جناب شہزاد گل*: جناب والا ! جسطرح سے بل پیش کیا گیا ہے میں کوشش کرونگا کہ بل کی حدود میں رہ کر اپنے خیالات کا اظہار کروں سب سے پہلے بل کی دفعہ نمبر ۲ میں Anti-national activities کی definition جو دی گئی ہے اس کے متعلق میری یہ گزارش ہے کہ اس میں شک نہیں ہے کہ قومیتوں کا نعرہ لگانا یا زبان کا مسئلہ اٹھانا بعض اوقات متنازعہ بن جاتا ہے لیکن قومیتوں کے بغیر یا زبان کے مسئلے کے بغیر. کسی ملک میں سیاست نہیں چل سکتی برسر اقتدار پارٹی نے انتخابات کے وقت سوشلسٹ معاشرے کا نعرہ لگا کر عوام سے ووٹ حاصل کئے تھے اور سوشلسٹ معاشرے کی بنیاد قومیتوں کے حقوق کے تحفظ پر رکھی جاتی ہے۔ لہذا اس بل کے پیش کرنے سے قومیتوں کے حقوق کی نفی ہوتی ہے۔ اسکے علاوہ زبان کا مسئلہ ہے برسراقتدار پارٹی نے وعدہ کیا تھا کہ علاقائی زبانوں کو ترقی دی جائے گی اور اس کی بناء پر سندھ میں سندھی زبان کا مسئلہ اٹھایا گیا اور برسراقتدار پارٹی کی حکومت نے مجبور ہو کر سندھی کو صوبہ سندھ کی زبان قرار دیا لہذا اگر ملک کے مختلف صوبوں میں بسنے والے قومیتوں کے حقوق کے تحفظ کا سوال اٹھائیں تو موجودہ بل پیش کرنے سے انکی ساری سیاست محددو ہو کر رہ جاتی ہے پھر اس ملک میں سیاست کے مواقع ہر شخص کے لئے بند ہو جاتے ہیں اگر وہ اپنے علاقوں میں یا اپنے صوبوں میں اپنے عوام کے حقوق کا سوال اٹھائیں کیونکہ anti-national activities کی defination اتنی وسیع ہے کہ اس میں ہر شخص یا ایسوسی ایشن کی جملہ کارکردگی Cover ہو جاتی ہے اس وجہ سے اس Definition میں جو قومیتوں کا یا زبان کا مسئلہ رکھا گیا ہے اسکا اس سے اخراج کرنا چاہیئے اور اگر اسطرح پاس ہو جائے تو ملک میں مثبت سیاسی زندگی کے جتنے حالات ہیں میرے خیال میں پاکستان کے عوام ان سے محروم ہو جائیں گے اور آئین کے آرٹیکل نمبر ۱۷ میں جو بنیادی حقوق دئیے گئے ہیں اس سے انکی بھی نفی ہوتی ہے اسکے علاوہ جناب والا پھر دفعہ ۳ ۱۰ میں اس سے قبل مسئلہ ٹریبونل میں پیش کیا جائے سنٹرل گورنمنٹ ایک فرد یا ایسوسی ایشن کے خلاف آرڈر Issue کر دیتی ہے یعنی ۳۰ دن کے اندر معاملہ کو ٹریبونل کے سامنے پیش کیا جائے اور ٹریبونل ۳۰ دن میں انکو شوکاز نوٹس جاری کرے اور پھر ۶ مہینے میں اسکا فیصلہ کیا جائے تو اسطرح قریباً ایک سال تک ایک جائز ایسوسی ایشن یا ایک شخص کے جائز آئینی حقوق معطل ہو کر رہ جاتے ہیں اور اس ملک کی تعمیر میں اپنی سیاسی زندگی میں کام کرنے کے جو مواقع ہیں ان سے وہ محروم ہو جائیگا لہذا ٹریبونل کو پہلے ہی سے شوکاز نوٹس جاری کرنا چاہئیے اور حکومت اپنے آرڈر بعد میں جاری کرے اگر کسی شخص کے خلاف گورنمنٹ کو یہ شک ہو کہ یہ anti-national activities میں ملوث ہے تو معاملہ ٹریبونل کو refer کیا جائے پھر ٹریبونل فیصلہ دے کہ واقعی اس شخص کی anti-national activities ہیں تو وہ حکم صادر کرے اور اسکے خلاف notification جاری یا کنفرم ہو جائے تو ان حالات میں یہ درست ہو گا۔ دفعہ ۱۵ میں Injunction Issue کرنے کے اختیارات ختم ہو جاتے ہیں عدالت Injunction Issue نہیں کر سکتی ۔ تو اگر ایک شخص عدالت سے رجوع کرے ور عدالت Injunction Issue نہیں کر سکتی تو اس صورت

*Speech not corrected by the honourable Senator.

میں وہ ایک سال تک ملک کی تعمیر کے کام نہیں کر سکے گا ۔ اس دفعہ کے تحت حکومت
کو جو اختیارات حاصل ہیں وہ بنیادی حقوق کے بالکل منافی ہیں ۔ دفعہ ۶ (۲) کے تحت
بھی ، باوجودیکہ اگر ٹریبونل کسی association کو یا فرد کی anti-national activities
قرار دے دے اور فیصلہ صادر کر دے تو اس کے بعد بھی وفاقی
حکومت اپنا notification واپس لے سکتی ہے اگر کسی شخص کی یا association
کی anti-national activities ہیں اور عدالت اس کے متعلق فیصلہ بھی
صادر کر دے تو اس کے بعد اس کو کسی سیاسی پارٹی یا ایسوسی ایشن میں
آنے ہی نہ دینا چاہئیے ۔ جیسا کہ ایبڈو کیا گیا تھا تاکہ وہ سیاست میں حصہ ہی نہ لے سکیں
لیکن یہاں پر گورنمنٹ کو یہ اختیار ہے کہ اگر کوئی شخص یا اس پارٹی کا لیڈر برسر اقتدار
پارٹی کے سامنے گھٹنے ٹیک دے یا معافی مانگ لے تو گورنمنٹ نوٹیفکیشن واپس لے سکتی
ہے ۔ لہذا یہ اختیارات جو دفعہ ۶ کے تحت حاصل کرنا چاہتے ہیں یہ بھی ہر شخص کے
بنیادی حقوق کے خلاف ہیں ۔ دفعہ سات کے تحت جناب والا ! رقم وغیرہ ہے حکومت
نوٹیفکیشن جاری کر دے گی کہ تنظیم کوئی رقم خرچ نہیں کر سکتی لہذا ایک شخص
اپنی رقم کو بھی جو اس کے پاس ہے یا بنک میں ہے ، اور تلاشی میں نکل آتی ہے اس کو
خرچ نہیں کر سکتا بلکہ وہ عدالت میں جائیگا ، وہاں Application دے گا مقدمہ
لڑیگا اور یہ ثابت کرے گا کہ یہ رقم کسی Association یا anti-national
activities کے لئے استعمال نہیں کر رہا لہذا اپنی رقم کو حاصل کرنے کیلئے
ایک شخص کو ایک سال تک مقدمہ لڑنا پڑیگا اور جب عدالت فیصلہ دے دے تب اپنی
رقم خرچ کرنے کا حق حاصل ہوگا لہذا دفعہ سات کے تحت جو Arbitrary اختیارات
حاصل کئے گئے ہیں یہ بھی بنیادی حقوق کے خلاف ہیں دفعہ ۸ کے تحت جناب والا اگر
کسی جگہ کے متعلق یہ خدشہ ہو کہ وہاں پر anti-national activities ہو رہی
ہیں اور حکومت نوٹیفکیشن جاری کر دے تو وہاں پر کسی شخص کے داخلے پر پابندی عائد
ہو سکتی ہے لہذا دفعہ ۸ کے تحت اپنے مکان کے اندر جانے سے ایک شخص کو روکا
جا سکتا ہے اور یہ Arbitrary اختیارات ہونگے ۔

**Mr. Abdul Qayyum Khan :** Point of order. If the honourable Speaker refers to the broad principles of the Bill, I would be the last person to take any objection but now he is going into the detail and the amendments which have been moved and which have been discussed threadbare. Now advantage is being taken of the fact that probably there is no rule about the third reading of the Bill in the Rules of Business for the Senate. Am I correct or not ?

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** آپ تشریف رکھیں کیا کوئی السیا rule ہے ؟

**Mr. Abdul Qayyum Khan :** There is an ommission in 98.

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی ہاں ہے ۹۸ میں لفظ Third Reading استعمال نہیں ہوا ۔

"That the motion is made that the Bill be passed and on that motion speeches of general character can be made."

**Mr. Abdul Qaiyum Khan :** You are referring to rule 98.

جناب ڈپٹی چیئرمین : لفظ Third Reading اس میں نہیں لیکن اس کے معانی کچھ یوں ہی نکلتے ہیں

**Mr. Abdul Qaiyum Khan :** *When I tried to interrupt in this way, an exception was taken by my honourable friend, Khawaja Safdar that the discussion on a motion that the Bill be passed shall be confined to the submission of arguments either in support of the Bill or for the rejection of the Bill. In making this speech a member shall not refer to the details of the Bill further than is necessary for the purpose of his arguments which shall be of a general character".

So, the thing is quite clear. The honourable Senator talked of the principles of the Bill. He goes into all the amendments which have been moved and rejected. I think that is not in consonance of rule 98, it is in conflict with rule 98 and I would request him through the Chair to confine himself to the main point to which he takes exception.

جناب ڈپٹی چیئرمین : میں آپ کو اس قسم کے agrument کی اجازت نہیں دوں گا کیوں کہ آپ نے چار arguments دئیے ہیں ان میں ایک argument Language and Nationality کے مسئلے پر محمد ہاشم غازئی نے بہت بحث کی دلائل دئیے فسٹ اور سیکنڈ ریڈنگ دیں سیکشن وغیرہ Discuss کر دیئے اس کے علاوہ تین arguments لفظ بہ لفظ Repetition ہیں خواجہ صاحب کے جو اپنی amendment کے دوران وہ بول چکے ہیں لہذا اس Discussion کی اجازت نہیں دی جا سکتی ہے۔ General Principle پر کوئی بات کریں گے تو اس کی اجازت ہوگی کسی Section وغیرہ کو refer کرنے کی ضرورت نہیں - Section اس وقت refer کیا جائے جب اس کی ضرورت پڑے ان Principles پر debate ہو گی اور ان ہی حدود میں آپ کو گفتگو کرنے کی اجازت ہے۔ اب میں دس منٹ کی Time limit مقرر کرتا ہوں۔ ہر صاحب دس دس منٹ بولیں گے اب آپ ۲ منٹ مزید بول سکتے ہیں ۔

جناب شہزاد گل : جناب والا جیسا کہ آپ نے رولنگ دی ہے میں کوشش کروں گا کہ دو منٹ میں اپنے خیالات کا اظہار کر کے تقریر ختم کردوں جناب والا یہ بل جس صورت میں پیش کیا گیا ہے اور پاس کروایا جا رہا ہے اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا ہے

---

*Speech not corrected by the honourable Minister.

[Mr. Shahzad Gul]

کہ میں نے تم کو (انسانوں کو) قومیتوں میں بانٹ دیا ہے تاکہ پہچانے جا سکو ہمارے آئین کی بنیاد اسلام پر رکھی ہے لیکن یہ بل قرآن مجید کی ایک واضح آیت کی نفی کرتا ہے۔ اس بل کو اسلامی کونسل میں بھیجا جانا چاہئیے تھا اور وہاں سے opinion حاصل کیا جاتا کہ یہ بل اسلام کے خلاف ہے یا نہیں۔ لیکن یہ نہیں ہو سکتا کیوں کہ نیشنل اسمبلی نے پہلے ہی پاس کیا ہے لیکن میں گزارش کروں گا کہ یہ بل موجودہ شکل میں اسلام کے خلاف ہے۔ بنیادی حقوق کے خلاف ہے۔ حکومت abitr ary اختیارات حاصل کررہی ہے تاکہ اس کے ذریعے وہ اپنے مخالفین کو دبائے اور ان کو اپنے تابع بنائے۔ میرے خیال میں اس بل کو پاس کرنے سے ملک میں مثبت سیاسی کردار نہیں چل سکتا۔ اس لئے اس بل کو reject کیا جائے۔ پہلے ہی ملک میں اس سلسلے کے کافی قانون پاس ہو چکے ہیں۔ مثلاً Amendment 'High Treason Criminal Law' وغیرہ اس لئے اس کی کوئی ضرورت نہیں ہے اس کو reject کیا جائے۔

**Mr. M. Zahurul Haq :** *Mr. Chairman, Sir, I believe this Bill which is having moved by Mr. Qaiyum Khan will go into the history of this Parliament as a reflection of the phobia from which the other side is suffering so as to give statutory recognition to the existence of anti-Pakistan elements in the country. It is said that after a lapse of 27 years in the year 1974, we have felt the necessity to bring on statute a law of which a civilized nation should be ashamed. During the last 26 years there was no necessity for such a law and so the country disintegrated, East Pakistan. It not with us because this law was not with us on the Statute Book. It is a pity and what a contrivance that Mr. Hafeez Pirzada has run away handing over the Bill to Mr. Qaiyum Khan from NWFP to move it. Mr. Chairman, Sir, I am grieved ......

**Mr. Abdul Qayyum Khan :** It was not the duty of the Law Minister to move this Bill. It is the duty of the Interior Ministry. There was no question of anybody running away.

**Mr. Deputy Chairman :** Nobody has run away. Actually this was a sweeping remark.

**Mr. Abdul Qaiyum :** It is the task of the Interior Minister which is being performed and I think my learned friend is labouring under the misconception.

**Mr. Deputy Chairman :** He is a Barrister. He knows that this was the job of the Interior Minister.

**Mr. M. Zahur-ul-Haq :** Mr. Chairman Sir, any way I submit that this very Bill of which now the honourable Interior Minister has accepted full responsibility is a major contradiction of the fundamental of the Constitution, the very first Artical of the Constitution begins with, this that Pakistan will be a Federal Republic State. What is Federalism ? Federalism comes into existence when the Federating Units because of the economic factors, economic considerations and external aggression get together, and surrender their sovereignty to Federation. The very concept of the federalism recognises the existence of differnent entities, different ethnic groups. If this Bill motivated despite the facts that we have agreed, the

---

*Speech not corrected by the honourable Senator.

National Assembly the Constituent Assembly has agreed to give a Federal Constitution to this country. I do not see the wisdom in it. But what I fear is that, this unfortunate country which was created on a very exalted ideal of being an Islamic State though I believe that these very fundamental Concepts have been completely ignored in the last 26 years; will now be put in complete oblivion by a negative approach. We are to get-together and adhere these people into nationhood. I shall feel proud to be a member of the Pakistani Nation but I can not be coerced, I cannot be compelled by Punitive laws like this to be a member of Pakistani Nation, It hits me, it insults my integrity as citizen of this noble country that there should be reins in my mouth and to be told that you have not to do these things otherwise you will be punished and penalised by imprisonment. This is a very bad specimen of legislation which has come on the Statute Book of the Senate of this country. What a bad beginning with which we have started ? This is the first Senate of this country under Federal Constitution. We are now signatories to a Bill which will go into the dark annuls of this country. Mr. Chairman, Sir, I should be forgiven if I have not been able to control my sentiments but believe me that the source of these sentiments is love and loyalty of this country and I do not contribute to the proposition that still there are anti-state people and the law is insufficient to tackle them. The Law is quite sufficient. There is the Pakistan Penal Code. There are othere criminal Laws that we can apply and we can give them the severest punishment by those legislations. But we are showing to the world that we have statutorily recognised that this country is still inhabited by people who do not believe in the ideology of Pakistan and it requires pondering by those who will not be surviving for all times to come and take it with them, that they will carry this black label to the grave and they will be answerable for hitting the sacred nationality of this country, the same nation which we have created on Islamic Ideology. Thank you, Sir.

**Mr. Kamran Khan :** *Mr. Chairman, Sir. During the first reading of the Bill I raised two points in my speech. One was that if a party is banned by the Government it would be deprived of contesting elections. The Honourable Home Minister said that the party hit by this law can go and obtain a stay-order. Agreed Sir. The said order is granted by the court of law and a party goes into the election, but sir, do you expect the patriotic citizens, the patriotic electorateof Pakistan to vote for a party whose loyalty to the country is questioned ? Then if inspite of that the people vote for such a party which has been banned by the Government and later on the court upheld the order of the Government and in the course of the election some members of the party are elected then what is going to be the fate of such members. Should they resign their seats from the Assembly or should they remain disloyal to the counntry ? What happened in that eventuality Sir ? I would like the Honourable Home Minister to enlighten this House on this point? The other point Sir, which I raised was that a political party is like a joint stock company. The share-holders buy shares in good faith that the company would be carrying out trade or business according to the law of the country. Similarly, individuals join a political party on the basis of the party's programme, *manifesto* in good faith. Now, sir, if any member of a political party indulges in anti-national activities why should sir the other members of the party be penalised for it and should be deprived of their fundamental rights of forming associations and Unions as guaranteed by this Constitution. I would ask the Honourable Home Minister to enlighten this House on this point also. Sir, the other point to my mind, I am not authority on Constitutional law, is that this piece of legislation runs counter to the Constitution. It is ultra-vires of the Constitution. If you look at Article 17 of the Constitution, it clearly lays down that every citizen shall have the right to form association or Unions, subject to any reasonable restrictions. Reasonable

*Speech not corrected by the honourable Senator.

[Mr. Kamran Khan]

restrictions imposed by law in the interest of morality or public order. Those restrictions should be reasonable. It does not give the right, it does not give the power to Government to ban a party. Sir, a person commits murder, he commits theft and you give him every chance to go and defend himself. You do not straight away arrest a person simply because you have registered a case against him Similarly, Sir, you do not ban a party, you do not punish a party without giving it a chance to defend itself in a court of law. But the purpose behind all this is as I had already submitted in my first reading speech, not to curb anti-national activities.

The purpose behind this piece of legislation is very clear. They want to being about the rule of one party. That is abundantly clear and, Sir, unfortunately, we find ourselves to be completing the vicious circle they started at the time of the birth of Pakistan ; we, unfortunately, find ourselves to be reaching the same point where we started. Sir, we have not been able to learn a lesson from our 26 years of history, of political history! What happened, I do not want to go into those details. Sir, in the ancient Egypt, Pharraoh used to kill the baby boys born to his subjects as he thought that a man would be born and he would challenge his auth rity. Sir, an attempt is being made by bringing about this legislation to redu e this nation to a people of sycophants, to flatterers and to spoil them. Sir, if anybody has got such ideas that this country would be ruled only by perverts, I think, he is very wrong and he would be sadly mistaken. This country is a country of brave people who have proved their mettle in the battlefied, who have proved their mettle against tyranny, who have proved their mettle in the fight of freedom and, Sir, if there is a Pharraoh born in this country there will be a Moses; a th usand Moses to fight him and they should not have such ideas in their minds. We should learn a lesson from the last 27 years of our history; of our chequered history and we should let democracy have its full play in the country. Democracy, Sir, is the only basis on which this country can exist and there is no other basis to my mind at least, on which this country can exist So, Sir, this is the last chance for the existence of this country, the last chance for democracy in th s country. So, Sir, I would appeal to my friends on the Treasury Benches to search their conscience and give honest thought that whether this piece of legislation is really in the interests of the country or not. If it is not, then they should again search their conscience irrespective of party mandate or whatever orders are given by the Party. With these submissions, I conclude my speech. Thank you.

**Mr. Deputy Chairman :** Sardar Muhammad Aslam.

**سردار محمد اسلم :** جناب والا Prevention of Anti-national activities Bill جس پر Consideration ہو رہا ہے وہ اتنا اہم اور ضروری ہے کہ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اس پر لمبی چوڑی بحث کیوں ہو ۔ دوسری طرف سے میرے فاضل دوست ظہور الحق بیرسٹر ایٹ لاء نے بڑے جذباتی الفاظ میں کہا ہے کہ Civilized Nations کو شرم آنی چاہئیے یہ Sugar Coated الفاظ ہیں کیونکہ باہر تو یہ کہتے ہیں کہ ہم کابل کے سیب کھائیں گے پنجابی بلوچستان کی سرزمین سے نکل جائیں ۔ سندھی سرحد سے نکل جائیں پٹھان پنجاب سے نکل جائیں اسی طرح کے Sugar Coated الفاظ جیسے عوامی لیگ نے ایک پروگرام دیا تھا کہ بنگالیوں کے ساتھ اقتصادی زیادتی ہو رہی ہے بنگالیوں کے ساتھ سیاسی زیادتی ہو رہی ہے لیکن

ultimately ان کا یہ نعرہ تھا First Bengali then Pakistani جناب
ج تقریروں میں یہی کچھ کہا جاتا ہے اور ایوان کے باہر پبلک جلسوں میں آپ کچھ اور
سنتے ہیں ۔ اگر آپ پچھلے تین چار مہینوں کی تقریریں سنیں تو پتہ چلے گا کہ حالات کیا رخ
اختیار کر رہے ہیں ، میرے دوست یہاں پر تو جذبات میں تقریریں کرتے ہیں کہ
anti-national کوئی نہیں ہے زبان سے تو سارے ہی کہتے ہیں کہ ہم پاکستانی
ہیں پاکستان کی سالمیت کو قائم رکھا جائے Durrand Line کو قائم رکھا جائے لیکن دوسری
طرف یہ بھی سننے میں آتا ہے کہ ہم پختونستان کی آزادی مانگتے ہیں ہم سندھ دیش کی
آزادی مانگتے ہیں greater بلوچستان چاہتے ہیں جب اس کے متعلق کام ہوتا ہے
تو تقریریں ہوتی ہیں کہ پاکستان کی سالمیت کو برقرار رکھا جائے اور یہ کہ
nation اور nationality بھی برقرار رہے سندھ کے لوگ سندھو دیش
چاہتے ہیں بلوچی Greater Baluchistan چاہتے ہیں Frontier میں پختونستان
ہوپھر بھی ہم کہیں کہ ہم پاکستانی قوم اور پاکستان کی سالمیت کیلئے کام کر رہے
ہیں ہم کو خوامخواہ Label کہا ہے میرے فاضل دوست نے کہا ہے کہ فرعون
ساری عمر حکومت نہیں کرسکتا ہے ۔ میں اپنے فاضل دوست کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں
کہ ہمیشہ اکثریتی پارٹی حکومت کرتی ہے اور اس ملک کی اکثریت کو ووٹ تلوار
یا فرعون سے نہیں ملے ہیں اس وت ڈیمو کریسی ہے ہم Over whelming
democratic majority لے کر آئے ہیں آپ ڈیمو کریسی چاہتے ہیں جناب والا !
کسی piece of legislation کی اس وقت ضرورت پڑتی ہے جب لوگ
anti-national activities اور anti-state activities کرتے ہیں افراد اور جماعتوں
کا فرض ہے کہ وہ پاکستان کی آزادی برقرار رکھیں اسلئے حکومت کو مجبوراً ایک قانون
بنانا پڑا اور پاکستان میں anti-national activities کو روکنے کیلئے قانون کا سہارا
لینا پڑا پاکستان اب کوئی اور risk نہیں لے سکتا اس سے پہلے اسی طرح پاکستان کا آدھا
حصہ علیحدہ ہو چکا ہے حالانکہ کہنے میں بنگالیوں کو پاکستان سے اقتصادی تکلیف
تھی یا ان کو local تکلیف تھی اب ultimately ہم زیادہ انتظار
نہیں کر سکتے اس لئے اس قانون کی اشد ضرورت ہے میں ھاؤس کے دونوں
جانب سے درخواست کروں گا کہ اس کو پاس کیا جائے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ ۔ مسٹر مہران خان ۔

جناب مہران خان : جناب چیئرمین میں آپ کے توسط سے اس ایوان
میں Prevention of anti-national Bill پر ان حالات کی روشنی میں بولوں گا پہلے
تو جناب والا حزب اختلاف نے یہ کہا کہ ہمارا آئین اسلامی جمہوریہ پاکستان
کا ہے مجھے ان سے پورا پورا اتفاق ہے ہم سب مسلمان ہیں ہمارا ملک اسلامی
جمہوریہ پاکستان ہے ملت ابراہیمی میں کوئی فرق نہیں قران میں ہے کہ خدا نے قبائل بنائے

[Mr. Mahran Khan]

صرف ایک دوسرے کو پہچاننے کے لئے نہ کہ ایک دوسرے کو قتل کریں حدیث نبوی میں ہے کہ جملہ مومنین آپس میں بھائی بھائی ہیں جو مومن نہیں، وہ الگ قبائل بنائے عرب عجم، پاکستانی سب آپس میں بھائی بھائی ہیں لہذا قبائل ضرور ہیں تاکہ ہم ایک دوسرے کو پہچان سکیں نہ کہ ایک دوسرے کو قتل کریں یہ روایات تو اگلے زمانہ کی ہیں اب تو جمہوریت ہے اس کے بعد جناب والا یہ سوال اٹھایا گیا ہے۔ کہ جمہوری حکومت میں اپوزیشن کو بولنے کا حق ہوتا ہے لیکن جمہوریت سب کی responsibility ہوتی ہے میں مانتا ہوں کہ جمہوری حکومت میں ہر ایک کو اظہار خیال کا حق ہوتا ہے جمہوریت میں اپوزیشن کی ضرورت ہوتی ہے ۔ لیکن جمہوری حکومت سب سے زیادہ representative گورنمنٹ ہوتی ہے اور عوام کو وہ جوابدہ ہوتی ہے۔ جمہوریت نے اس اسمبلی کو چلانا ہے لیکن ان تمام چیزوں کے باوجود جب حالات ایسے پیدا کر دیئے جائیں ۔ لوگوں کی زمینوں پر قبضہ کر لیا جائے ۔ لوگوں کے اوپر مظالم کئے جائیں ۔ بچوں کو زندہ جلایا جائے۔لوگوں کو قتل کر دیا جائے ۔ لوگوں کی ہزارہا ایکڑ زمینوں پر قبضہ کر لیا جائے! عورتوں کو اغوا کر لیا جائے اور اس کے بعد بھی یہ کہا جائے کہ ہمارے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے میں یہ کہوں گا کہ اس قسم کے جتنے قوانین پہلے بنے تھے وہ ان تمام برائیوں کی روک تھام کے لئے ناکافی تھے اور اگر وہ کافی ہوتے تو ظاہر ہے کہ ایسے ظلم اور زیادتی نہ ہوتی جیسے کہ آج کل ہو رہی ہے جھٹ پٹ تحصیل میں جو ایک تحصیل ہے ۔ وہاں ایک چھوٹی سی قوم آباد ہے ۔ لیکن وہاں ایک طاقت ور قبیلے نے بڑے مظالم ڈھائے ہیں ۔ ان کو گھر چھوڑنے پر مجبور کیا گیا، ان کی عورتوں کو اٹھوایا گیا ہے ۔ ان کے بچے زندہ جلائے گئے ہیں ان کے تیس بتیس آدمی مار دیئے گئے ان کا لاکھوں روپے کا مال و اسباب لوٹ لیا گیا حالانکہ اس سے پہلے بھی ایسے واقعات پنجابیوں کے ساتھ ہوئے تھے لیکن کچھ نہیں کیا گیا تھا ۔ موجودہ واقعات کے باوجود اگر ہم کچھ نہ کریں اس بل کو پاس نہ کریں تو بڑی زیادتی ہو گی ۔ اس لئے میری رائے میں یہ بل ضرور پاس ہو جانا چاہیئے ۔ اس لئے کہ جہاں غریب قوموں کے افراد آباد ہیں وہ ایسے جابر ظالم قبیلوں سے اس قانون کے پاس ہونے کے بعد ہی بچ سکتے ہیں ۔ یہ ذمہ داری گورنمنٹ کی ہے ساری دنیا قتل ہو چکی ہے ۔ لیکن ابھی تک کچھ نہیں ہو سکا ۔ رپورٹیں درج ہو چکی ہیں لیکن ابھی تک کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی ۔ جناب والا ! ایک اور خاص بات کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ ایک شخص کو ان میں سے گرفتار کیا گیا جو کاجانی کا بھاگا ہوا تھا اس کو گرفتار کرکے ہم نے پیش کر دیا لیکن وہاں کے کے اے پی اے کے متعلق سننے میں آ رہا ہے کہ وہاں کوئی ڈی ایس پی ہے وہ اسے نکال کر لے گیا ۔

سید حاجی حسین شاہ : جناب والا محترم ممبر موضوع سے باہر بات کر رہے ہیں کیونکہ ہمیں Law and order provincial subject ہے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : اعتراض صحیح ہے یہ چیز آپ ہر وقت adjournment motion کے فارم میں بھی لا سکتے ہیں ۔

جناب سہران خان : جناب والا ! مجھے یہ گزارش کرنا تھی کہ وہاں پر لوگوں کے ساتھ ظلم و زیادتی ہو رہی ہے اور اس لئے اس بل کی ضرورت ہے ہم چاہتے ہیں کہ اس بل کو جلد از جلد پاس کیا جائے تاکہ وہاں جو مظالم ہو رہے ہیں ان کا سدباب ہو سکے اس سے زیادہ میں اور کچھ نہیں کہنا چاہتا ۔

مفتی ظفر علی نعمانی : جناب والا ! اس مسئلے پر اور اس بل کی چند باتوں پر پہلے بھی میں نے گذارش کی تھی اور اب چند باتیں مزید گذارش کے طور پر پیش کروں گا کہ قانون بنانے کا مقصد کوئی بھی ہو، لیکن اس سے قوم کو، ملک کو اور افراد کو آرام پہنچانا مقصود ہوتا ہے، سکون پہنچانا مقصود ہوتا ہے ۔ اگر کسی قانون میں ہماری یہ خواہش ہو کہ ہم کسی کسی کو پاکستان سے باہر کریں گے ، پاکستان بدر کریں گے، پاکستان سے نکالیں گے اور اس کو باغی قرار دیں گے تو میرا جہاں تک خیال ہے کہ اس قسم کی قانون سازی کا نہ تو مذہب میں کوئی جواز ہے اور نہ ایسی کوئی راویت ہے یہ چیز اصول سیاست کے بھی منافی ہے ۔ میرے فاضل دوست نے ایک بڑی اچھی بات کہی ہے کہ ہر مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہے یعنی ان کا مقصد اس کے کہنے سے یہ ہے کہ پاکستان میں جو قوم بستی ہے وہ سب کی سب مسلمان ہے حالانکہ یہ چیز سب کو معلوم ہے کہ جب تقسیم سے پہلے مردم شماری ہوئی تھی کہ قوم کے خانے میں ، مسلم لیگ نے بہت ہی غوروخوض کے بعد یہ اعلان کیا تھا ، کہ مسلمان کو صرف مسلمان لکھا جائے نہ اسے شیخ لکھا جائے نہ اسے سید لکھا جائے بس یہ فیصلہ ہوا تھا کہ صرف ایک لفظ مسلمان لکھا جائے جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ محض مسلمان لکھا گیا اور اسی بنا پر بڑی بڑی کامیابیاں حاصل کی گئیں اگر یہی مقصد قوم کا یہاں ہے تو آئین کی دفعہ تین یا چار میں پاکستان کے اندر ایک سے زیادہ قوم کا تصوّر نہیں ہو سکتا کیونکہ جناب والا ! اس وقت پاکستان میں ہندو بھی بستے ہیں ، عیسائی بھی بستے ہیں اور مختلف مذاہب کے لوگ بھی آباد ہیں تو میری سمجھ میں نہیں آتا کہ وہ سب کس طرح سے ایک قوم بن جائیں گے اور کس طرح سے ایک قوم کا تصوّر ان سب کے متعلق ہو جائے گا لیکن اگر اس سے مراد وطنیت ہے تو یہ ٹھیک ہے یہ سب پاکستانی ہیں اور پاکستانی ہونے کی حیثیت سے سب برابر ہیں لیکن اگر آپ قوم کے تصوّر کو اسلام اور مذہب سے کر سکتے ہیں تو یہ چیز کسی طرح سے بھی اچھی نہیں ہو سکتی کہ پاکستان کے اندر صرف ایک قوم بستی ہے ۔ یہ میں نہیں کہتا کہ آپ چار صوبوں کی بنیاد پر چار قوموں کا تصوّر منظور کر لیں لیکن مذہب کی حیثیت سے یہ ماننا پڑے گا کہ اس ملک میں عیسائی بھی بستے ہیں ہندو بھی بستے ہیں جو قطعی طور پر علیحدہ علیحدہ قوم ہیں اور جن کا کوئی تعلق مسلمانوں کی قوم سے نہیں ہے ان تمام قوموں سے مل کر ہمارا ملک ضرور بنا ہے جس کا نام ہے پاکستان اور پاکستانی ہونے کی حیثیت سے سب برابر ہیں مگر جناب والا ! اس کے علاوہ ایک اور گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ اس قانون کے اندر کچھ ایسی چیزیں بھی ہیں جس کے سلسلے میں میرا خیال ہے کہ ہم نے اگر کسی ہندو کو مسلمان بنانے کے لئے تقریر کی اس کو راہ راست پر لانے کے لئے تقریر کی اور ہم نے اس سے یہ کہا کہ ۳۶۰ خداؤں کا عقیدہ باطل ہے اور یہ

[Mufti Zafar Ali Nomani]

تو ہمیں ترک کر دینا چاہئیے تو جناب والا اس قانون کی رو سے ہماری گردن یہاں دبائی جائے گی اور ہمارے متعلق یہ کہا جائے گا کہ یہ فرقہ ورانہ منافرت پیدا کر رہے ہیں اس لئے جناب والا! اگر آپ اس کو فرقہ ورانہ منافرت کہتے ہیں تو یہ ملک پاکستان صرف اسلام کے نام پر بنا ہے اور اس کا نام مذہب اسلام پر رکھا گیا ہے۔

جناب عبدالقیوم خان: جو مولانا صاحب فرما رہے ہیں وہ تعزیرات پاکستان میں موجود ہے اس قانون میں تو اس کا ذکر کہیں بھی نہیں ہے! جس کا وہ اشارہ کر رہے ہیں مولانا صاحب وہ تو اور قوانین ہیں کہ اگر اس قسم کی خلاف قانون باتیں کی جائیں تو وہ ان قوانین کی زد میں آتا ہے۔

مفتی ظفر علی نعمانی: جناب والا! میں گزارش کروں کہ دفعہ تین میں لکھا ہے کہ عوام الناس کے درمیان فرقہ ورانہ جذبات کو ہوا دینے کی غرض سے اسے جرم قرار دیا گیا ہے۔ مسلمانوں کے مختلف فرقوں کے اندر فرقے ورانہ باتیں کرنا یہ تو کوئی اچھا نہیں سمجھتا ہے کہ ہم اس قسم کی باتیں کریں مگر وہ باتیں جن سے ہندووں کے اندر تبلیغ کرنا کہ تم راہ راست پر آ جاؤ اس پر پابندی لگانا یہ مناسب نہیں ہے اور اس سے تبلیغ میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے۔

جناب عبدالقیوم خان: اس میں مذہب کا سوال تو پیدا نہیں ہوتا آپ اور طرف لے جا رہے ہیں اس بحث کو پھر میں عرض کروں گا کہ اس میں مذہب کا کوئی ذکر نہیں ہے۔

مفتی ظفر علی نعمانی: لفظ فرقہ ہے اور فرقہ کہتے ہی ہیں اس کو جس کا تعلق مذہب سے ہو یہی میں نے کہا ہے کہ آپ قانون کو اس کے اندر گھما پھرا کر اس میں لوچ پیدا کر رہے ہیں کہ حکومت وقت اس کو جس طرح چاہے موڑ دے۔ اس لئے کہ اس کے اندر کتنی مدات اور اتنی شقات رکھی گئی ہیں کہ میں نے اس کے متعلق کل اور پرسوں دو روز خواجہ صاحب کی تقریریں سنیں اور باوجود اس کے کہ انہوں نے اکیس ترمیمیں پیش کیں لیکن ایک رائی برابر آپ نے ان کی حق کی بات نہیں سنی حالانکہ ان میں سے بعض باتیں بہت درست تھیں۔ چنانچہ جناب والا میرا جہاں تک خیال ہے ایک انصاف پسند انسان بھی اس سے انکار نہیں کر سکتا اگر محض اس خیال سے کہ چونکہ یہ چیز اپوزیشن کی جانب سے آ رہی ہے اس لئے اسے منظور نہ کیا جائے، تو یہ کچھ مناسب طریقہ نہیں ہے آپ کی جانب سے۔

جناب عبدالقیوم خان: تجویزوں کے اوپر تو بحث ہو چکی ہے

جناب ڈپٹی چیئرمین: وہ اپنی تقریر خان صاحب ختم کر رہے ہیں یہ بات انہوں نے ضمنی طور سے کہی ہے

مفتی ظفر علی نعمانی : جناب والا ترمیموں کے متعلق میں بات چیت نہیں کر رہا کیونکہ عام اصولوں کے متعلق میں بحث کر رہا ہوں ۔ ترمیموں کے متعلق تو میں نے کچھ نہیں کہا ہے۔ میں تو صرف یہ کہہ رہا تھا کہ صرف کل خواجہ صاحب نے اکیس ترمیمیں پیش کی تھیں لیکن ان میں سے ایک کو بھی منظور نہیں کیا گیا اور جناب والا وزیر داخلہ چونکہ معمر ہو چکے ہیں ان کا اکیس مرتبہ اٹھنا اور بیٹھنا ان کی تندرستی کے لئے مناسب نہیں ہے۔ کیونکہ شروع سے ہم لوگ ان کی عزت کرتے چلے آ رہے ہیں۔ کیونکہ یہ مسلم لیگ کے ایک بڑے اچھے لیڈر ہیں مسلمانوں کے ہمدرد ہیں مگر افسوس آج یہ ہو رہا ہے کہ جو شخص اس قدر اسلام کا ہمدرد ہو مسلمانوں کا ہمدرد ہو اس کا اتنی جلدی بدل جانا اور ایسی سخت تقریر کرنا' یہ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ کیا چیزیں ہو رہی ہیں قانون ضرور بنتا ہے ۔ قانون بنانے کا مقصد یہ ہے کہ ہم قوم کے سامنے' ہم پاکستانیوں کے سامنے جوابدہ ہیں اور اس مقصد کے ماتحت ہم خدا کے سامنے جوابدہ ہیں ۔

جناب والا شریعت کا مسئلہ یہ ہے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ مسلمانوں کے لئے یہ ہے کہ ان کی عمریں ساٹھ اور ستر سال درج ہیں۔ اس حد سے زیادہ اگر عمر ہو تو ان کی زندگی نفع میں ہے۔ تو اس لئے یہ اور بھی زیادہ خدا کے سامنے جواب دہ ہیں اور ان کو ایسا تصور کرنا چاہئیے جناب والا اس بل نے پاس ہونا ہے اور ہو کر ہی رہے گا لیکن ہم جو کچھ تھوڑا بہت اس معزز ایوان میں عرض کرتے ہیں وہ تو صرف اس معزز ایوان کے چند ممبر صاحبان ہی سنتے ہیں اور اس کے علاوہ اخبارات میں کچھ نہیں آتا ہے الحمد اللہ اس موجودہ حکومت نے اخبارات کا گلا گھونٹ دیا ہے ہم تین چار روز سے یہ دیکھ رہے ہیں کہ ان میں ایوان کی کاروائی کے متعلق کچھ بھی نہیں لکھا ہوتا ہے ۔ پہلے تو یہ ہوتا تھا کہ مفتی صاحب نے یا فلاں صاحب نے یہ کہا ہے۔........

جناب ڈپٹی چیئرمین : مفتی صاحب اس بات پر گفتگو نہیں ہو رہی ہے

مفتی ظفر علی نعمانی : اب تو جناب والا ہمارا نام بھی نہیں لکھا ہوتا صرف اتنا لکھا ہوتا ہے کہ اپوزیشن کے کچھ لوگوں نے تقریریں کی جناب والا یہ حقیقت ہے اور میں بالکل صحیح کہتا ہوں کہ ہمارے ملک کے اندر اس قسم کی بدحالی اور خرابی پیدا ہو رہی ہے اور اس سلسلے میں زیادہ تر ذمہ داری اخبارات کی ہے کہ وہ صحیح باتیں نہیں لکھتے ۔ جناب والا اخبارات بھی جو حکومت وقت ہو اس کا ہی کلمہ پڑھتے ہیں۔ تو اس لئے میں ان سے عرض کروں گا کہ ارے خدا کے بندے کم از کم خدا اور اس کے رسول سے تو ڈرو اور جو اچھی بات ہو وہ تو لکھ دیا کرو ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ ۔ خواجہ صاحب آپ کچھ فرمائیں گے

خواجہ محمد صفدر : جناب والا میں اس جانب سے سب سے آخر میں تقریر کروں گا ۔

*Speech not corrected by the honourable Senator.

( مداخلت )

**Mr. Deputy Chairman :** Mr. Hashim Khan wants to speak. Let him speak. He is the leader of Opposition. He must speak last but there is some mutual arrangement. Therefore, Mr. Hashim Khan should speak.

جناب محمد هاشم غلزئی : * جناب ڈپٹی چیئرمین صاحب اس ظالمانہ اور جابرانہ بل کے اس آخری دور میں میں چند موٹی موٹی باتیں عرض کروں گا میں اس بل کے اصول اور consent دینے کی مخالفت کروں گا سب سے بڑی بات یہ ہے کہ جس مقصد کے لئے یہ بل پیش کیا گیا ہے اس کا جو اور پس پردہ مقصد ہے وہ یہ نہیں ہے کہ ہمارے محترم وزیر صاحب کو اس ملک میں دشمن عناصر دکھائی دیتے ہیں ہو سکتا ہے کہ ایسا بھی ہو کیونکہ کہا جاتا ہے A jaundiced eye sees every thing yellow. در حقیقت مقصد یہ ہے کہ ان جمہوری قوتوں کو کچلا جائے جو اس ملک میں آمرانہ اور فسطائی طرز کی حکومت لانے کی کوشش کرتی ہیں عرض یہ ہے کہ ہمارے محترم دوست شاید یہ سمجھتے ہیں کہ ہم ایک ایسے ملک میں رہتے ہیں جہاں کا آئین وحدانی طرز کا ہے یا Unitary form of Constitution ہے میرے خیال میں ہمارا سب سے آزاد ملک ہے پاکستان کے موجودہ ڈھانچے اور آئین میں وہ وحدانیت نہیں ہے وہ Unity نہیں ہے بلکہ وفاقیت ہے کہ یہ آئین بھی اس حزب اقتدار نے اس ایوان سے پاس کرایا ہے تو میں عرض کروں گا کہ کیا وفاقی طرز حکومت میں مختلف اکائیوں کی زبان ، تمدن اور معیشت کے تحفظ کا انتظام نہیں ہوتا اور اگر ہوتا ہے تو پھر کیا یہ بل اس وفاقی طرز حکومت کی مخالفت نہیں کرتا اور اگر کرتا ہے تو میرے خیال میں یہ اس ملک کے عوام کے ساتھ بہت بڑا ظلم ہے وفاقی حکومت میں جب ہمیشہ اس اصول پر عمل ہوتا ہے They want unity in diversity وہ اتحاد چاہتے ہیں مختلف لوگوں کے حقوق کو تسلیم کرتے ہیں ان کے سماجی ، اور لسانی حقوق کو تسلیم کرتے ہیں لیکن یہاں خطرہ ہے بلکہ مجھے یقین ہے کہ اس بل کے پاس ہونے سے پاکستان کی وفاقی اکائیاں خاص طور پر بلوچستان اور سرحد کے تمدن ، لسانی اور اقتصادی حقوق پر حملہ کیا گیا ہے اور آڑ یہ لی گئی ہے کہ ہم جو anti-national ہیں ان کو ملک سے ختم کرنا چاہتے ہیں جناب والا ان کو معلوم ہونا چاہیئے کہ پاکستان کی موجودہ حکومت میں دو صوبے ایسے ہیں جہاں پر حزب اقتدار کی اکثریت نہیں ہے باقی دو صوبوں سندھ اور پنجاب میں ان کی اکثریت ہے تو اس اکثریت کو اقلیت میں تبدیل کرنے کا خطرہ ہے یہ بل اس لئے لایا گیا ہے تا کہ ان کو anti-national قرار دے کر وہاں سے سیاسی قوتیں ختم کر کے وہاں آمرانہ اور فسطائی طرز کی حکومت قائم کی جائے اگر ایک شخص پشتو میں بات کرے تو اس کو پاکستان کا دشمن بنا کر جیل میں بند کیا جائے گا اگر کسی بھائی نے بلوچی میں بات کی تو اس کے ساتھ بھی یہی سلوک کیا جائے گا در حقیقت یہ بل اس لئے لایا گیا ہے کہ جنہوں نے حزب اقتدار کو جنرل انتخاب میں ووٹ

*Speech not corrected by the honourable Senator.

نہیں دئیے ان کو سزائیں دی جائیں اس سے مجھے یقین ہے بلکہ میں اپیل کروں گا کہ آپ کو اس قسم کے قوانین سے ماضی میں کافی نقصان پہنچ چکا ہے ایک بہت بڑا حصہ ہم سے علیحدہ ہو چکا ہے خدارا آئندہ کے لئے ایسے اقدمات نہ کریں جس سے بچے کھچے پاکستان کو خدانخواستہ اس بل کی وجہ سے نقصان پہنچ سکے جب یہ ہمارے محترم دوست یہ بل پاس کرنے کے بعد استعمال کریں گے تو پہلا نشانہ خاص طور پر ان دو صوبوں کی سیاسی جماعتوں پر پڑے گا میں تو کہتا ہوں کہ یہ مارشل لا ریگولیشن اور FCR کے متعلق محترم وزیر صاحب بڑے فخر سے کہتے ہیں کہ میں نے فرنٹیئر اور آزاد کشمیر سے ختم کر دیئے ہیں اور اب یہ قانون لا کر وہاں سے یہاں پیش کیا جا رہا ہے بلکہ وہی چیز ہے وہی قواعد ہیں وہی اختیارات ہیں تمام اختیارات Bureaucracy کو دیئے جا رہے ہیں انتظامیہ کو دیئے جا رہے ہیں judiciary کو بالکل نظر انداز کیا جا رہا ہے جناب والا! جمہوریت کی تین قوتیں ہیں جن میں judiciary ایک اہم ستون ہے - ایک legislature ہے (مداخلت اس میں تمام اختیارات Executive کو دیئے گئے ہیں اس کے ہاتھ میں دو دھاری تلوار ہو گی جہاں چاہیں گے استعمال کریں گے اس سے جمہوریت کی قدروں کو نقصان پہنچے گا جمہوریت ترقی نہیں کر سکے گی اس طرح سے آپ ایسے قوانین سے جمہوریت کی خدمت نہیں کر رہے بلکہ آمریت کی راہ ہموار کر رہے ہیں جناب والا میں اپنے دوسرے محترم دوست کے چند الفاظ کی طرف بھی اشارہ کرانا چاہتا ہوں انہوں نے کہا کہ اس ملک میں امن بحال نہیں ہے اور ہر ایک جگہ ڈاکے پڑے ہیں ہر ایک جگہ بد امنی ہے جناب عالی یہ اس قسم کی بد امنی آپ کی حکومت کے دوران ہے اپوزیشن کا اس میں کوئی حصہ نہیں ہے اور آپ اس بد امنی کو اس قسم کے جابرانہ قوانین نافذ کرنے سے نہیں روک سکیں گے جب تک کہ آپ بد امنی کے بنیادی اسباب کا خاتمہ نہ کریں دوسرے ملکوں میں جہاں جمہوریت ہے وہاں بد امنی بھی نہیں ہے لوگ مطمئن ہیں آپ تو خود اس قسم کی فضا پیدا کر رہے ہیں لوگوں کو موقع دیں کہ آ بیل مجھے مار میں حیران ہوں کہ ہمارے محترم وزیر صاحب کو اس ملک میں ہر طرف anti-national عناصر کیوں نظر آتے ہیں اگر کوئی شخص اپنے صوبائی حقوق کے لئے آواز بلند کرتا ہے ابھی پرسوں آپ نے دیکھا ہے کہ اس ہاؤس میں PCC کا مسئلہ پیش ہوا تھا جس میں بلوچستان کو بالکل نظرانداز کیا گیا تھا کیا صوبہ بلوچستان پاکستان کا حصہ نہیں ہے؟ کیا ان کا حصہ پاکستان کے خزانے اور فنڈ میں نہیں ہے؟ اگر ان کو نظرانداز کیا جاتا ہے وہاں کے لوگ یہاں سوال اٹھاتے ہیں کہ بلوچستان کو کیوں نظرانداز کیا گیا ہے؟ تو آپ فرماتے ہیں کہ یہ ملک میں بغاوت پھیلاتے ہیں اس لئے ان کو جیل میں ڈال دیا جاتا ہے آپ اس قسم کے قوانین سے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں جسکا کہ انجام اس ملک کی وحدت اس ملک کی بقاء اس ملک کے استحکام کے لئے بہت ہی خطرناک ہو گا اس لئے میں نہایت عاجزی سے Treasury Benches کے اپنے ساتھیوں کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ پاکستان کو جمہواری قسم کے قوانین دیں اور یہاں کے عوام کے جو جائز اور جمہوری حقوق ہیں ان کا تحفظ کریں۔ ان کا گلا نہ گھونٹیں۔

[Mr. Muhammad Hashim Ghilzai]

اس سے ملک کو نقصان پہنچے گا پاکستان کا وقار تمام دنیا میں کم ہو گا اس کی ذمہ داری یقینی طور پر حزب اقتدار پر عائد ہو گی ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں

آغا غلام نبی خان: جناب چیئرمین صاحب! جو یہ بل اس وقت ہمارے سامنے ہے اس پر مجھ سے پہلے جو تقاریر ہوئی ہیں ان میں بد قسمتی سے میں ہاؤس سے غیر حاضر رہا اور سب تقاریر نہیں سن سکا جو تقریریں آج میرے سامنے ہوئی ہیں وہ کچھ تو جذباتی تھیں ان میں اسلام کو بھی لایا گیا ہے حالانکہ اس بل کے ساتھ اسلام کا کوئی واسطہ نہیں ہے بات یہ ہے کہ یہ بل اس ایوان میں پیش کرنا چاہیئے یا نہیں جب ہم نے پاکستان حاصل کرنے کے لئے مسلم لیگ یا ہندوستان کے مسلمانوں نے ایک movement چلائی کہ ہم ایک حصہ اس ہندوستان میں سے جہاں مسلمانوں کی Majority ہے وہاں ہم اپنی مرضی سے حکومت کریں تو اس وقت، باوجود اس کے سارے ہندوستان کے مسلمان ایک پلیٹ فارم پر تھے اور ہمارے مقابلے میں ایک حصہ فرنٹیئر کا جہاں کانگرس حکومت تھی وہ ہمارے مقابلے میں آیا اور ان لوگوں نے کہا کہ ہم ایک ہندوستان میں رہنا چاہتے ہیں ہم ہندو بھائیوں کے ساتھ رہنا چاہتے ہیں ہم کو ٹوڈی کہا گیا ہمیں reactionary کہا گیا ہمارے لیڈروں پر الزام لگایا گیا کہ ان لوگوں نے اپنی وفاداری افغان حکومت کے ساتھ کی اور کہا کی کہ ہم ہندوستان میں رہنا چاہتے ہیں دوسرا حصہ علماء دین کا جو آج اسلام کا دعویٰ کر رہے ہیں وہی علماء دین ۹۰ فیصد بلکہ ۹۵ فیصد، سوائے مولانا شبیر عثمانی کے بغیر ہمارے ساتھ نہیں تھے تو یہ آدمی اس وقت ہمارے مقابلے میں تھے مگر اللہ تعالیٰ کا فضل ہوا مسلمانوں کے اتحاد نے یہ دکھایا کہ ہندو اور انگریز دونوں کی مخالفت کے باوجود پاکستان ہمیں مل گیا جب پاکستان ملا تو اس وقت نہ افغانستان نہ پختونستان کا نام لیا۔ نہ کسی اور جماعت نے لیا Partition کے بعد یہ لفظ پہلی مرتبہ ہم نے سنا "پختونستان"

